© rasailojaraid.com



خطاب فرمایا۔

۸ر فروری —— نمازِ جمعہ مولانا سمیع الحق صاحب نے ڈیفنس سوسائٹی کی نئی شاندار تعمیر شدہ مسجد جامعۃ الصدیق میں پڑھائی، یہ مسجد ابوظہبی والوں کے تعاون سے حال ہی میں تعمیر ہوئی ہے۔ پڑھے لکھے سرکردہ حضرات کا مجمع تھا۔ مولانا نے سیرت طیبہ کے بعض گوشوں پر مؤثر انداز میں تقریر کی، یہ پروگرام جناب شیخ رشید احمد صاحب پاکستان چین فیکٹری کی دعوت پر ہوا۔

۹ر فروری —— بعد از نمازِ عشاء صابری مسجد کوئلہ گودام بہار کالونی میں مولانا عبدالقدیم صاحب فاضلِ حقانیہ کی دعوت پر خطاب ہوا۔

۱۰ر فروری —— انجمن تعلیم القرآن کراچی کے زیرِ اہتمام جامع مسجد حنفیہ ملیر کالونی میں حفظِ قرآن کے جلسۂ تقسیم اسناد و دستار بندی تھا۔ مولانا نے قرآن کریم کی اہمیت اور فضیلت پر اجتماع میں خطاب کیا۔

۱۸ر فروری —— مولانا سمیع الحق صاحب نے آج مولانا قاری فضلِ ربی ندوی کی دعوت پر ان کے ممتاز اشاعتی ادارہ مجلس نشریات و تحقیقات اسلام کا معائنہ کیا اور مولانا کے ظہرانہ میں شرکت کی مجلس نشریات، پاکستان میں حضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی مدظلہ کی تصانیف و مطبوعات کی اشاعت کا بہترین کام کر رہا ہے۔

**تنظیم فضلاء حقانیہ کراچی**

کراچی میں مقیم فضلاء دارالعلوم حقانیہ نے مسلک و مشرب کے تحفظ اور علمی و دینی کاموں میں باہمی ارتباط و استحکام کے لئے ایک اجتماع میں اپنی تنظیم قائم کی مولانا عزیز الرحمان صاحب حیدری میر پور خاص اور مولانا حسین احمد صاحب ہزاروی حقانی اس کام میں پیش پیش رہے۔ انتخابات عہدہ داران یہ ہیں:-

۱۔ صدر مولانا حسین احمد حقانی بلدیہ ٹاؤن۔

۲۔ جنرل سیکرٹری مولانا عزیز الرحمان ادارۂ فروغ عربی میر پور خاص و کیماڑی کراچی۔

۳۔ سیکرٹری مولانا عبدالوحید ہزاروی حقانی فرنٹیر کالونی نائب صدر مولانا قاری عبدالباعث جامعہ قدسیہ ناظم آباد۔

۴۔ خزانچی مولانا عبدالقدیم حقانی صاحب، بہار کالونی ناظم نشر و اشاعت مولانا روح الحق حقانی۔

© rasailojaraid.com